| پہلی سہ ماہی | جماعت: دوم | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 4 پہلا دن | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

سبق کا نام: حقوق و فرائض

**حاصلاتِ تعلّم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- حکومت کی تعریف بیان کر سکیں۔
- حکومت جو سہولیات شہریوں کو فراہم کرتی ہے ان کی نشان دہی کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں جس طرح گھر کا نظام چلانا ہمارے والدین کی ذمہ داری ہے اسی طرح ملک کا نظام چلانے کے لیے بھی افراد کا ایک گروہ ہوتا ہے جسے حکومت کہتے ہیں۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب سے صفحہ نمبر 13 کے پہلے پیرا گراف کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں حکومت میں موجود لوگوں کو عوام انتخابات کے ذریعے منتخب کرتے ہیں پھر یہ لوگ مل کر ہمارے ملک کا نظام چلاتے ہیں۔ حکومت ہماری ضروریات کا خیال رکھتی ہے اور ہمیں بنیادی سہولتیں فراہم کرتی ہے جیسا کہ سڑکیں، اسپتال، بجلی اور گیس کی فراہمی وغیرہ۔
- طلبہ کو بتائیں کہ شہریوں کو بنیادی سہولتیں جیسے تعلیم، صحت اور تحفّظ فراہم کرنا حکومت کا فرض ہے۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** 5 منٹ

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| نظام | نِ۔ ظام | انتظام |
| منتخب | مُن۔ تَ۔ خَب | انتخاب کیا گیا۔ چُنا گیا |

| | | |
|---|---|---|
| بلاامتیاز | بلا۔اِمتیاز | کسی فرق و تمیز کے بغیر |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھایا گیا سبق مختصراً دُہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق سوال 1 کے پہلے دو سوالات طلبہ سے پوچھیں اور جواب کاپی پر لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

طلبہ اپنے علاقے کے کوئی سے تین مسائل اپنی کاپی پر لکھیں اور ان مسائل کے حل کے لیے اپنے ساتھیوں سے گفتگو کریں۔

**ورک شیٹ (ہوم ورک)**

| | | |
|---|---|---|
| **نام:**__________ | **مضمون: واقفیتِ عامہ** | **سبق: حقوق و فرائض** |

**سوال 1:** **درج ذیل سوالات کے جواب لکھیں۔**

**ا۔** **ہمارے گھر کا نظام کون چلاتے ہیں؟**

______________________________

**۲۔** **حکومت کا کیا فرض ہے؟**

______________________________

| سبقی منصوبہ بندی:2 | مضمون: واقفیتِ عامہ | جماعت: دوم | پہلی سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40منٹ | تاریخ: ______ | ہفتہ: 4 دوسرا دن | اُستاد کا نام: _____ |

سبق کا نام: حقوق و فرائض

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- شہریوں کے کوئی سے تین حقوق کی فہرست بنا سکیں (خوراک، مفت تعلیم، تحفّظ، صحت اور برابری)۔
- جان سکیں کہ ہر شہری کو اپنے مذہب کے مطابق آزادی سے زندگی گزارنے کا حق ہے۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔

**سبق کا تعارف:** 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ سبق میں طلبہ کی آمادگی کے لیے ان سے پوچھیں کہ زندگی گزارنے کے لیے ہمیں کن کن چیزوں کی ضرورت ہوتی ہے؟ ان کے جوابات توجّہ سے سنیں اور حوصلہ افزائی کریں۔ طلبہ کو بتائیں کہ زندگی گزارنے کے لیے ہمیں جن چیزوں کی ضرورت ہوتی ہے وہ ہمارا حق ہیں اور حکومت ان ضروریات کو پورا کرنے میں ہماری مدد کرتی ہے۔

**طریقہ تدریس:** 15منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب سے صفحہ نمبر 13 تا 14 ''شہریوں کے حقوق'' کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں حکومت ہماری روزمرّہ ضروریات کو پورا کرنے کے لیے ہمیں بہت سی سہولتیں فراہم کرتی ہے یہ ہمارا حق ہے۔
- طلبہ کو حق کا مطلب بتائیں کہ یہ عربی زبان کا لفظ ہے جس سے مراد درست اور صحیح کے ہیں۔ انھیں بتائیں کہ شہریوں کا بنیادی حق انھیں تعلیم کی فراہمی ممکن بنانا ہے۔ اس کے لیے حکومت اسکول، کالج اور یونیورسٹیاں بناتی ہے۔

- اسی طرح علاج معالجے کی بہترین فراہمی بھی شہریوں کا حق ہے اس مقصد کے لیے حکومت اسپتال قائم کرتی ہے۔ جہاں قابل ڈاکٹرز اُن کا علاج کرتے ہیں۔
- طلبہ کو بتائیں شہریوں کے تحفّظ کے لیے حکومت نے پولیس کا محکمہ بنایا ہوا ہے۔ اسی طرح کھیل کُود اور سیر و تفریح کے لیے حکومت پارک، کھیل کے میدان بناتی ہے جہاں لوگ تفریح کے لیے آتے ہیں۔
- انھیں بتائیں ان تمام سہولیات کے علاوہ حکومت اپنے شہریوں کو اچّھی غذا، صاف پانی، بجلی اور گیس کی سہولیات بھی مہیا کرتی ہے، انصاف دلانے کے لیے عدالتیں بنائی جاتی ہیں۔ اس کے علاوہ ہر شہری کو اپنے مذہب کے مطابق زندگی گزارنے کا حق دینا بھی حکومت کا اوّلین فرض ہے۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| مہیا کرنا | مُ۔ہی۔یا | تیار کرنا |
| تفریح | تَف۔رِیح | ہواخوری۔سیر |
| حُکمرانی | حُکم۔رانی | حُکم چلانا |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کے اہم نکات دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

سبق کے اہم نکات طلبہ سے پوچھیں اور درست جواب دینے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

طلبہ کو دو گروہوں میں تقسیم کریں اور ایک گروہ سے سرکاری افسر اور دوسرے گروہ سے شہریوں کے کردار ادا کروا کر حکومت اور شہری کے حقوق و فرائض بتانے کو کہیں۔

| سبقی منصوبہ بندی:3 | مضمون: واقفیتِ عامہ | جماعت: دوم | پہلی سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40منٹ | تاریخ:_______ | ہفتہ: 4 تیسرا دن | اُستاد کا نام:_____ |

سبق کا نام: حقوق و فرائض

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- اپنے بنیادی حقوق کے حوالے سے اپنی ذمہ داریوں کی شناخت کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ سے ان کے کوئی سے چار حقوق پوچھیں۔ درست جواب دینے پر ان کی حوصلہ افزائی کریں۔ طلبہ کو بتائیں حقوق کے ساتھ ساتھ ہمارے کچھ فرائض بھی ہیں جن کو ہمیں پورا کرنا چاہیے۔

**طریقہ تدریس:** 15منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب سے صفحہ نمبر 15 کا آخری پیرا گراف پڑھائیں۔ مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں فرائض سے مراد ہمارے ذمّے وہ کام ہیں جن کو پورا کر کے ہم اچھّے شہری بن سکتے ہیں۔ جیسے:
  - ہماری سہولت کے لیے بنائے گئے حکومتی اداروں مثلاً اسکول، کالج، پارک وغیرہ کی حفاظت اور ان کی صفائی ستھرائی کا خیال رکھنا۔
  - حکومت کے بنائے قوانین پر عمل کرنا اور ہر ایک سے اچّھا سلوک کرنا۔
  - فراہم کردہ بنیادی سہولتوں (گیس، بجلی، صاف پانی) کو احتیاط سے استعمال کرنا۔
- طلبہ کو بتائیں اگر ہم ان تمام فرائض کو پورا کریں گے اور ایک قوم کی حیثیت سے مل جُل کر کام کریں گے تو ہی ہمارا ملک ترقّی کی راہ پر گامزن ہو گا۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** 5منٹ

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| احتیاط | اِح۔تے۔یاط | بچاؤ۔ضبط |
| حیثیت | حے۔ثی۔یَت | طرز۔ڈھنگ |

**اعادہ:** 2منٹ

پڑھائے گئے سبق کے اہم نکات دہرائیں۔

**جائزہ:** 6منٹ

مشق سوال نمبر 2 طلبہ سے کتاب پر حل کروائیں۔ جزو 1 کا سوال (ج) کاپی پر لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** 2منٹ

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** 5منٹ

اچّھا شہری ہونے کے ناطے ہمارے جو فرائض ہیں، ان کے بارے میں ساتھیوں سے گفتگو کریں۔

**ورک شیٹ (ہوم ورک)**

| | | |
|---|---|---|
| نام:_______________ | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبق: حقوق و فرائض |

**سوال:** حقوق اور فرائض کی نشان دہی کریں۔



حق / فرض



حق / فرض



حق / فرض



حق / فرض



حق / فرض